نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی فاسفین گولیوں کی غیر قانونی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن، لاکھوں مالیت کی گولیاں برآمد،

17افراد گرفتار: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور **31** جولائی **2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پیسٹ وارننگ وکوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز نے گندم ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہونے والی زہریلی فاسفین ٹیبلٹس کی غیر قانونی فروخت کے خلاف سخت کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔اس ضمن میں صوبہ کے مختلف اضلاع کاروائیاں جاری ہیں۔ان کاروائیوں کے دوران 22ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیااور 7لاکھ روپے مالیت کی 100 کلوگرام فاسفین کی غیر قانونی گولیوں کو برآمد کر کے ضبط کیا گیا۔اس کاروائی کے دوران 17افراد کو حراست میں لیا گیا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ فاسفین گولیاں ایک انتہائی زہریلا کیمیکل ہیں، جن کا استعمال مخصوص شرائط اور ماہر نگرانی کے بغیر انسانی جانوں اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے شدید خطرہ بن سکتا ہے۔محکمہ زراعت کی یہ کارروائیاں اس عزم کا مظہر ہیں کہ عوامی صحت، خوراک کے تحفظ اور زرعی زہروں کے محفوظ و قانونی استعمال پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

☆☆☆☆